نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیرزراعت پنجاب حسین جہانیاں گردیزی کی لاہور میں سینٹر آف ایکسلنس ان مالیکیولر بیالوجی پنجاب یونیورسٹی اور پنجاب سیڈ کارپوریشن کے مابین کپاس کی ٹرانس جینک اقسام کے بیج کی بڑھوتری اور فروخت کے متعلق مفاہمتی یاداشت پر دستخط کیلئے منعقدہ تقریب میں شرکت

اس معاہدے سے کپاس کے ٹرانس جینک ٹیکنالوجی کے حامل بیج کی بڑھوتری اور کاشتکاروں کو دستیابی ممکن ہو سکے گی جس سے ان کی پیداواری لاگت میں کمی واقع ہوگی۔وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور: یکم اپریل 2022(   ) صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے لاہور میں سینٹر آف ایکسلنس ان مالیکیولر بیالوجی پنجاب یونیورسٹی لاہور اور پنجاب سیڈ کارپوریشن کے مابین کپاس کی ٹرانس جینک اقسام کے بیج کی بڑھوتری اور فروخت سے متعلق مفاہمتی یاداشت پر دستخط کیلئے منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔اس موقع پر صوبائی وزیرزراعت پنجاب نے سینٹر آف ایکسلنس ان مالیکیولر بیالوجی پنجاب یونیورسٹی کے سائنسدانوں کو کپاس کی ٹرانس جینگ اقسام (سی کے سی-1 ،سی کے سی-3 وغیرہ) کی دریافت پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ کپاس کے بیج کی نئی اقسام کی دریافت وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ کپاس کی فصل موسمیاتی تبدیلیوں کا بھرپور مقابلہ کر سکے اور اس پر ضرر رساں کیڑوں کے حملہ میں کمی ہو جائے جس سے کاشتکاروں کی پیداواری لاگت میں کمی واقع ہو سکے گی۔کپاس کی ٹرانس جینک اقسام کی دریافت ادارہ ہذا کا ایک بڑا کارنامہ ہے۔کپاس کی نئی ٹیکنالوجی کو کاشتکاروں تک پہنچانا وقت کی اہم ضرورت ہے اور یہ معاہدہ کپاس کی بحالی کے لئے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا ۔اس موقع پر مینجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیڈ کارپوریشن فضل الرحمان نے بتایا کہ دونوں اداروں کے مابین ہونے والے اس معاہدہ کی رو سے کپاس کی ٹرانس جینک اقسام کے بیج کی ملٹی پلکیشن پنجاب سیڈ کارپوریشن کے فارموں پر کر کے اس بیج کو کاشتکاروں کو فروخت کیا جائے گا جس سے کپاس کی فصل پر کیڑوں کے حملہ میں کمی واقع ہوگی اور کاشتکاروں کی پیداواری لاگت میں کمی واقع ہوگی۔اس موقع پر ڈائریکٹر سینٹر آف ایکسلنس ان مالیکیولر بیالوجی احمد علی شاہد نے کہا کہ یہ ادارہ اب تک کپاس کی 6 نئی ٹرانس جینگ اقسام دریافت کر چکا ہے۔کپاس کی بحالی ایک بڑا چیلنج ہے جس کے لئے اس ادارہ کے سائنسدان دن رات محنت کر کے نئی اقسام کی دریافت کر رہے ہیں تاکہ کپاس کی پیداوار میں اضافہ ہو سکے۔تقریب میں ڈائریکٹر سینٹر آف ایکسلنس ان مالیکیولر بیالوجی پنجاب ڈاکٹر احمد علی شاہد، مینجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیڈ کارپوریشن فضل الرحمان، ریجنل ڈائریکٹر فیڈرل سیڈ سرٹیفکیشن محمد اعظم خان، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب محمد رفیق اختر سمیت دیگر اعلیٰ افسران کی شرکت کی۔تقریب کے اختتام پر صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے سوئنیر اور شیلڈز تقسیم کیں۔

☆☆☆☆